عند ذکر الصالحین تتنزل الرحمۃ

"جامِ مے ہے ترا خمخانۂ باطن ساقی
تو ہے سرمایۂ ایمان کا ضامن ساقی"

خمخانۂ باطن

قصیدہ مدحیہ

در منقبت، خاصِ حق، قطبِ زماں، جنید دوراں، ولی نعمت، سراپا برکت مصلح امت واقف اسرار و معانی، ماہر رموز قرآنی، عالم ربانی، مرشد کامل، عارف باللہ، محقق عصر حضرت اقدس مولانا الحاج الشاہ **محمد وصی اللہ** الاعظمی دامت برکاتہم و عمت فیوضہم

خاکپائے برادران طریقت بارگاہ وصی اللٰہی **ابو الحسنات فانی**، گوپا گنجی، اعظم گڈھی

تقریظ:-

مکرم و معظم حضرت مولانا محمد سراج الحق دامت برکاتہم مچھلی شہری ثم الہ آبادی

محب صادق مولوی ابوالحسنات اعظمی کوپاگنج المتخلص بہ فانیؔ اس ناکارہ کے خواجہ تاش ہیں یہ ناکارہ عرصہ سے ان سے واقف ہے اور ان کی شاعرانہ صلاحیتوں کا معترف ہے اور وہ اپنے حسن طبع سے اس ناکارہ سے حسن ظن رکھتے ہیں جزاہ اللہ تعالیٰ

اشعار اگرچہ کم کہتے ہیں مگر سعدیؔ ہند مولانا حالیؔ پانی پتی، ترجمان حقیقت علامہ اقبالؔ سیالکوٹی حضرت استاذی مولانا اصغر حسین صاحب المتخلص بہ اصغر گونڈوی کے کلام اکثر و بیشتر مطالعہ کرتے ہیں چونکہ انھیں تینوں حضرات کے کلام زیر مطالعہ رکھتے ہیں اسلئے فطری طور پر ویسی ہی پختگی، روانی، بندشیں، اب خود ان کے کلام میں نمایاں ہو چلی ہیں۔

چونکہ خواجگان چشت اہل بہشت رحمہم اللہ تعالیٰ کی امانت ذکر و شغل سوز و گداز، سکنت و فنا وغیرہ سے بقدر حوصلۂ و ظرف خود بھی حصہ پائے ہوئے ہیں اور اس پر اضافہ ہوئی موزونئ طبع اس لئے طبع وقاد سے واردات قلب بھی بیساختہ تراوش کرنے لگتے ہیں چنانچہ ان دنوں ہمارے ولی نعمت، سراپا برکت مصلح امت، ناصح ملت، حامی شریعت، ماحی بدعت متبع سنت، مرشد کامل

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا الحاج الحافظ الشاہ محمد وصی اللہ الاعظمی دامت برکاتہم وعمت فیوضہم کے احسانات روحانی و برکات ایمانی کے اظہار و اعتراف میں ایک مسدس تقریباً پچاس بندوں میں والہانہ انداز میں ترتیب دیا ہے۔ نیز چند غزلیں بہ عنوان عرفانِ آرزو وستی ایمان عرض مرید بپیش مرشد بہ عنوان اشکِ گہربار و واردات قلب وغیرہ کے طور پر لکھی ہیں مجھے بھی ان نظموں سے لطف اندوزی کا شرف حاصل ہوا ماشاء اللہ تعالیٰ اخلاص بھرے جذبات، شگفتہ بحر اور سنجیدہ الفاظ میں ادا کئے تو مؤثر کیوں نہ ہوں گے مرے نزدیک ان کا کلام فنکاری اور پُرکاری کا اچھا نمونہ ہیں اور اگر کسی شعر کی بہترین خوبی یہ تسلیم کی گئی ہے کہ

سه میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی مرے دل میں ہے" تو میں اقرار کرتا ہوں کہ ہر شعر پر مرے احساسات بھی کچھ ایسے ہی تھے کہ یہ حسرت ہوئی کہ میں نے یہ کیوں نہیں کہا۔ قطعہ

فلو قبل مبکاھا بکیت کآبۃً بحالی شفیت النفس قبل التندم

ولکن بکت قبلی، فھیج لی البکاء بکاھا نقلت، الفضل للمتقدم

اللہ تعالیٰ ناظم موصوف کو اور اس ناکارہ کو بھی حضرت پیر و مرشد مدظلہ العالی کے انفاس بابرکت سے تادیر فیضیاب اور کامیاب گردانے اور تقبیہ

زندگانی اپنی مرضیات میں گزارنے کی توفیق ارزانی عطا فرمائے اور "یوم الحسرۃ" میں انہیں حقانی فقراء اور ربانی فقہاء کے زمرہ میں محشور فرما کر حضرت سید عالم رحمتِ مجسم خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم کے لواء الحمد کے سایہ میں جگہ دے۔ آمین بالنبی الامین صلے اللہ علیہ وسلم

ناکارہ سراج الحق مچھلی شہری

الہ آباد حسن منزل

یکم جمادی الاولے سنہ ۱۳۸۴ھ